کل نمبر: 25 — **اُردو (پنجم) ٹیسٹ نمبر 1** — **وقت: 25 منٹ**

پہلا مہینا، چوتھا ہفتہ، پانچواں دن	**سلیبس:**	دُہرائی، ٹیسٹ سلیبس (چوتھا ہفتہ)

حصہ اوّل

سوال نمبر 1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ (12)

1۔ ''شعور'' کا مترادف ہے:

(الف)	عقل	(ب)	سمجھ	(ج)	نادان	(د)	الف، ب دونوں

2۔ سبز ہلالی پرچم اور جھنڈیاں کس قومی تہوار پر لہرائی جاتی ہیں؟

(الف)	یومِ اقبال	(ب)	یومِ آزادی	(ج)	یومِ قائد	(د)	یومِ دفاع

3۔ ۲۵۔ دسمبر کس کی پیدائش کا دن ہے؟

(الف)	قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کی	(ب)	علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کی
(ج)	سر سید احمد خان رحمۃ اللہ علیہ کی	(د)	لیاقت علی خاں رحمۃ اللہ علیہ کی

4۔ ساجد صاحب، رضا اور آمنہ گھر لوٹ آئے:

(الف)	دوپہر سے پہلے	(ب)	عصر سے پہلے	(ج)	شام سے پہلے	(د)	عشا سے پہلے

5۔ سبق ''قومی تہوار'' کے مطابق ہجرت کا یہ سفر تھا:

(الف)	آسان	(ب)	مختصر	(ج)	کٹھن	(د)	یادگار

6۔ ساجد صاحب قیامِ پاکستان سے پہلے رہتے تھے:

(الف)	ایران میں	(ب)	بھارت میں	(ج)	افغانستان میں	(د)	مصر میں

7۔ قراردادِ لاہور پیش ہوئی:

(الف)	۲۳۔ مارچ ۱۹۴۰ء کو	(ب)	۲۳۔ مارچ ۱۹۳۹ء کو	(ج)	۲۳۔ مارچ ۱۹۳۷ء کو	(د)	۲۳۔ مارچ ۱۹۳۸ء کو

8۔ ''آزادی'' کا متضاد ہے:

(الف)	غلامی	(ب)	آسانی	(ج)	آسامی	(د)	پریشانی

9۔ ۱۴۔ اگست کو ہم آزاد ہوئے تھے۔ اس نسبت سے اس قومی تہوار کو کہا جاتا ہے:

(الف)	یومِ آزادی	(ب)	یومِ تکبیر	(ج)	یومِ دفاع	(د)	یومِ نجات

☆ **مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات 11،10 اور 12 کے جوابات دیں۔**

اسلام آباد میں فوجی پریڈ ہوتی ہے۔ ہمارا ایک قومی تہوار ''یومِ قائدِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ'' ہے۔ یہ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کا یومِ پیدائش ہے۔ یہ دن ہر سال ۲۵ دسمبر کو منایا جاتا ہے۔ اس دن عام تعطیل ہوتی ہے۔ ۶ ستمبر کو ہمارے ملک میں ''یومِ دفاع'' منایا جاتا ہے۔ ۶ ستمبر ۱۹۶۵ء کو ہماری بہادر فوج نے دشمن کا ڈٹ کر مقابلہ کیا تھا اور انھیں شکست فاش دی تھی۔ اس کے علاوہ ۹ نومبر کو ''یومِ اقبال رحمۃ اللہ علیہ'' منایا جاتا ہے۔ یہ ہمارے قومی شاعر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ کی پیدائش کا دن ہے، جنھوں نے علیحدہ مُلک پاکستان کا خواب دیکھا تھا۔

10۔ درج بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

(الف)	قومی تہوار	(ب)	ہمارے پیشے	(ج)	رکھیں میرا خیال	(د)	ایک قدیم شہر

11۔ ۲۳۔ مارچ کو اسلام آباد میں ہوتی ہے:

(الف)	کبڈی	(ب)	دعوت	(ج)	فوجی پریڈ	(د)	نمائش

12۔ یومِ قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ منایا جاتا ہے:

(الف)	۲۵۔ جون کو	(ب)	۲۶۔ نومبر کو	(ج)	۲۵۔ دسمبر کو	(د)	۱۸۔ جنوری کو

حصہ دوم (13)

سوال نمبر 1: ''حضرت محمد خاتم النّبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم'' کے عنوان پر مضمون لکھیں۔ (7)

یا

سوال نمبر 2: ''دوست وہ جو مصیبت میں کام آئے'' کے عنوان پر کہانی لکھیں۔

حصہ سوم (6)

سوال نمبر 1: امتحان میں کامیاب ہونے کی اطلاع دینے کے لیے والد کے نام خط لکھیں۔

یا

سوال نمبر 2: پرنسپل کے نام رخصت بیماری کی درخواست لکھیں۔